بچے کا نام طیب رکھنا

مجیب: مولانا محمد فرحان افضل عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2879

تاریخ اجراء: 11 محرم الحرام1446ھ /18جولائی2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بچے کا نام طیب رکھنا کیسا ہے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

بچے کا نام طیب رکھنا بلاشبہ جائز ہے کہ طیب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک ناموں میں سے ایک نام ہے، جس کا معنی ہے پاک / پاکیزہ۔ لہذا یہ نام رکھنا جائز اور باعثِ برکت بھی ہے۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ اولاً بیٹے کا نام صرف "محمد" رکھیں، کیونکہ حدیث پاک میں "محمد" نام رکھنے کی فضیلت اور ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ یہ فضیلت تنہا نام محمد رکھنے کی ہے، پھر پکارنے کے لیے طیب نام رکھ لیں۔

مواہب اللدنیہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے ناموں میں سے ایک نام یہ درج ہے "الطیب" اس کے تحت شرح الزرقانی میں ہے ""الطیب" بوزن سيد الطاهر، أو الزكي؛ لأنه لا أطيب منه "ترجمہ: طیب، سید کے وزن پر ہے جس کا معنی ہے پاک یا پاکیزہ، کیونکہ آپ علیہ الصلوۃ والسلام سے زیادہ پاکیزہ کوئی نہیں ہے۔ (شرح الزرقانی علی المواهب اللدنية، ج4، ص203، دار الكتب العلمية، بيروت)

<u>محمد نام رکھنے کی فضیلت:</u>

کنز العمال میں روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "من ولد له مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة "ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہو اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔ (کنز العمال، ج16، ص422، مؤسسة الرسالة، بيروت)

ردالمحتار میں مذکورہ حدیث کے تحت ہے" قال السیوطي: هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن "ترجمہ: علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔(ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج6، ص417، دارالفکر، بیروت)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئیے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net